i. کیا وضو کرنے سے گناہ جھڑتے ہیں؟ حدیث پاک کی روشنی میں بیان فرمائیں۔

ii. سیدنا امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کشف سے گناہ جھڑنے کی حکایت تحریر فرمائیں۔

iii. باوضو سونے کی کیا فضیلت ہے؟ اس ضمن میں تین احادیث مبارکہ ذکر فرمائیں۔

iv. ہمیشہ باوضو رہنے کے کوئی سے چار فضائل سپردِ قلم فرمائیں۔

v. کیا غسل کا وضو نماز پڑھنے کے لئے کافی ہے یا دوبارہ وضو کرنا ضروری ہے؟

vi. منہ سے خون نکلا تو کس صورت میں ناقضِ وضو (وضو توڑنے والا) ہو گا؟ اور کس صورت میں نہیں؟

vii. منہ سے خون نکلا تو کس صورت میں لوٹا گلاس اور کُل پانی نجس ہو گا؟

viii. کیا ایک دن کے دودھ پیتے بچے کا پیشاب پاک ہے؟

ix. دودھ پیتے بچے کے قے کا کیا حکم ہے؟

x. وضو میں شک آنے کے کوئی سے 3 احکام ذکر فرمائیں۔

xi. کتا جسم سے چھو جائے تو کس صورت میں جسم ناپاک ہو گا؟

xii. نیند سے وضو ٹوٹنے کی کتنی اور کون کون سی شرطیں ہیں؟

xiii. سونے کے کوئی پانچ ایسے انداز لکھیں جن سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

xiv. سونے کے کوئی پانچ ایسے انداز لکھیں جن سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

xv. شرعی معذور کی تعریف قلمبند کرتے ہوئے بتائیں کہ درج ذیل صورتوں میں وضو باقی رہتا ہے یا ٹوٹ جاتا ہے؟

- قطرہ آئے
- پیچھے سے ریح خارج ہو جائے
- زخم بہے
- دکھتی آنکھ سے بوجہِ مرض آنسو بہے

xvi. کیا فرض نماز کا وقت جاتے ہی معذور کا وضو جاتا رہتا ہے؟ یہ حکم کس صورت میں ہے؟

Muhammad Saqib Raza Attari

xvii. کیامعذور کا وضواس چیز سے ٹوٹ جاتا ہے جس کے سبب معذور ہے؟مثال سے تفصیلاً بیان فرمائیں۔

xviii. درج ذیل چیزوں کی وجہ سے وضوٹوٹ جاتا ہے یاباقی رہتا ہے؟

| | |
|---|---|
| 1) پیشاب،پاخانہ،ودی،مذی یامنی کے نکلنے سے؟ | 2) پیچھے سے ہوانکلنے سے؟ |
| 3) آگے سے ہوا خارج ہونے سے؟ | 4) خنزیر کانام لینے سے؟ |

xix. کیاجاری نہر میں بھی پانی کااسراف ہے؟ حدیث پاک کی روشنی میں بیان فرمائیں۔

xx. اسراف کرنے والوں کے بارے میں قرآن پاک میں کیافرمایا گیا؟ نیز سیدی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کااس بارے میں کیافتویٰ ہے؟

xxi. اسراف سے بچنے کے بارے میں کوئی دواحادیث مبارکہ ذکر فرمائیں۔

xxii. حضرت ابنُ الکریبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے نفس کو کس طرح سزادی؟

xxiii. حدیث پاک میں تین چیزوں کی وجہ سے گھر میں فرشتوں کاعدم دخول(داخل نہ ہونا) بیان کیا گیاہے وہ تین چیزیں مع حدیث پاک ذکر فرمائیں۔

xxiv. غسل کامسنون طریقہ تفصیلاً ذکر فرمائیں۔

xxv. غسل کے کتنے اور کون کون سے فرائض ہیں؟

xxvi. کلی کرنے سے کیامراد ہے؟اس بارے میں پانچ احتیاطیں ذکر فرمائیں۔

xxvii. ناک میں کہاں تک پانی چڑھانالازمی ہے؟اس کامسنون طریقہ ذکر کریں۔

xxviii. کتاب **"نمازکے احکام"** میں مردوزن کے لیے غسل کی 21احتیاطیں لکھی گئی ہیں، آپ صرف 15 تحریر کریں۔

xxix. بہتے پانی میں غسل کرنے کاطریقہ ذکر کریں۔

xxx. کب غسل کرناسنت ہے؟کوئی سے تین مقامات ذکر کریں۔

xxxi. کب غسل کرنامستحب ہے؟کوئی سے 10 مقامات ذکر کریں۔

Muhammad Saqib Raza Attari

xxxii. درج ذیل مقامات میں سے مستحب اور سنت مقام کی پہچان کیجئے:

| | | |
|---|---|---|
| 1) شبِ براءت | 2) جمعۃ المبارک کے دن | 3) طوافِ کعبہ شریف |
| 4) شبِ قدر | 5) بقر عید | 6) دخولِ منیٰ |
| 7) مجلسِ میلاد شریف | 8) عَرَفہ کے دن | 9) عیدُالفطر کے دن |
| 10) نمازِ استسقاء کیلئے | 11) سفر سے آنے والے کیلئے | 12) مجنون کو جنون جانے کے بعد |

xxxiii. کیا ایک غسل میں مختلف نیتیں ہو سکتی ہیں؟ مثال دے کر واضح کریں۔

xxxiv. لوگوں کے سامنے ستر کھول کر نہانا کیسا ہے؟

xxxv. بالٹی سے نہاتے وقت کیا احتیاط چاہئے؟

xxxvi. جس پر غسل فرض ہو اس کو مسجد میں جانا، طواف کرنا، قرآن پاک چھونا وغیرہ کیسا ہے؟

xxxvii. اگر قرآن پاک جزدان میں ہو تو بے وضو اس کو چھونے کی اجازت ہے یا نہیں؟

xxxviii. قرآن پاک کی آیت دعا کی نیت سے یا تبرک کیلئے بے غسل پڑھنا کیسا ہے؟

xxxix. تینوں قل کس صورت میں بنیتِ ثناء پڑھ سکتے ہیں اور کس صورت میں نہیں؟ تفصیلاً بیان کریں۔

xl. بے وضو کو قرآن شریف چھونا کیسا ہے؟

xli. قرآنِ پاک کا ترجمہ بے وضو شخص کو چھونا کیسا ہے؟

xlii. بے وضو یا بے غسل فقہ، تفسیر و حدیث کی کتابیں چھونا کیسا ہے؟ تفصیلاً بیان کریں۔

xliii. ناپاکی کی حالت میں درود شریف پڑھنا کیسا ہے؟

xliv. انگلی میں سیاہی کا جِرم یا ناخن میں آٹا رہ گئی ہو تو غسل کرنے کا کیا حکم ہے؟

xlv. لڑکا اور لڑکی بالغ کب ہوتے ہیں؟

xlvi. کتابیں رکھنے کی ترتیب ذکر فرمائیں۔

xlvii. غسل خانے میں پیشاب کرنے کا کیا حکم ہے؟ اس بارے میں حدیث مبارک ذکر فرمائیں۔

Muhammad Saqib Raza Attari

xlviii. تیمم میں کتنے اور کون کون سے فرائض ہیں؟

xlix. تیمم کی کوئی سے 8 سنتیں تحریر فرمائیں۔

l. تیمم کا مسنون طریقہ تفصیلاً ذکر فرمائیں۔

li. اذان کے جواب کی فضیلت حدیث پاک کی روشنی میں بیان فرمائیں۔

lii. اذان و اقامت کے جواب دینے کا مسنون طریقہ ذکر فرمائیں۔

liii. اذان کے بعد کون سی دعا پڑھنی چاہئے؟

liv. نماز کا طریقہ تفصیلاً ذکر فرمائیں۔

lv. تعوُّذ، تسمیہ، ثناء، تشہُّد کسے کہتے ہیں؟

lvi. نماز کی شرائط کتنی اور کون کون سی ہیں؟ اجمالاً ذکر کریں۔

lvii. اوقاتِ مکروھہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

lviii. دورانِ نماز مکروہ وقت داخل ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

lix. نماز کے کتنے اور کون کون سے فرائض ہیں؟

lx. کارپیٹ کے چند نقصانات ذکر کریں۔

lxi. ناپاک کارپیٹ پاک کرنے کا طریقہ ذکر کریں۔

lxii. نماز کے کوئی سے 15 واجبات ذکر کریں۔

lxiii. نماز میں عملِ کثیر کا کیا حکم ہے؟ نیز اس کی تعریف ذکر کریں۔

lxiv. نماز میں سانپ بچھو کو مارنے سے نماز فاسد ہوتی ہے یا نہیں؟

lxv. لفظ اللہ اکبر میں کون سی غلطی ہوئی تو نماز فاسد ہو جائے گی؟

lxvi. نماز کے کوئی سے 5 مکروہاتِ تحریمہ ذکر فرمائیں۔

lxvii. سَدَل سے کیا مراد ہے؟ اس کا کیا حکم ہے؟

Muhammad Saqib Raza Attari

lxviii. دورانِ نماز کنکریاں ہٹانے نیز انگلیاں چٹخانے کا کیا حکم ہے؟ حدیث پاک کی روشنی میں بیان فرمائیں۔

lxix. تشبیک کسے کہتے ہیں؟ نیز اس کے بارے میں حکمِ شرعی بیان فرمائیں۔

Muhammad Saqib Raza Attari